Tarjihaat
Volume:IV
Issue: V
مئی ۲۰۲۴
May. 2024
ترجیحات
ISSN: 2583-0082
Online Urdu Research Journal
آن لائن اردو ریسرچ جرنل

Download PDF
Page:57-70

جاوید رسول

سری نگر، کشمیر

# فاروق نازکی کی شاعری: ایک نئی قرات

کیا بارتھ نے مصنف کی موت کا نظریہ سارتر کے نظریۂ کمٹمنٹ کے رد کے طور پر پیش کیا تھا؟ بظاہر تو نہیں۔ کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو بارتھ ضرور سارتر کا حوالہ دیتا یا کمٹمنٹ کی وجودی منطق کا ہی ذکر چھیڑتا لیکن اس کی تحریر میں تو ایسا کچھ بھی نہیں ہے، تو کیا اسے کمٹمنٹ کا رد نہ سمجھا جائے؟ ظاہر ہے سارتر کی کمٹمنٹ ادیب کے سماجی منصب کا تعین کرتی ہے جبکہ بارتھ کا سارا زور مصنف کو نظام متن اور قاری کے دائرہ کار سے الگ کرنے پر صرف ہوا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner